کر گئے تھے ہر قسم کا کھانا اور جس میوہ کی فصل ہوتی تھی

عنہ میکردند۔ سماع بودی و خرچ بسیار میکردند
می فرمودند نقل حضرت در شب ہژدہم بود و
عرسے کہ در روز ہژدہم میکنند طعام در شب
نوزدہم خرج میشود و دران شب نہ نقل
خدمت شیخ است و نہ دفن ست و
عرسے کہ در ہفتدہم میکنند طعام در شب
ہژدہم خرج میشود و دران شب نقل حضرت
شیخ است پس این اولی در نوزدہم این
ماہ عرس خواجہ ولایت امیر المومنین علی کرم اللہ
وجہہ چنانکہ میان خلق مشہور است و نقل
ایشان در نوزدہم است و در شب بست و
ہفتم این ماہ عرس حضرت ضامنہ اولی خاتون
قیامت حضرت بی بی فاطمہ زہرا علیہا السلام
میکردند در پنجم ماہ شوال عرس والد خود سید
یوسف عرف سید راجا می کردند و سیزدہم
ذیقعدہ عرس والدہ خود بی بی رانی رضی اللہ عنہا
میکردند و ذلہ بودی و در شب پنجم ماہ محرم
عرس خدمت شیخ فرید الدین مسعود اجودہنی
قدس اللہ سرہ میکردند۔ سماع و ذلہ بودے
و در شب یازدہم محرم عرس سید الشہداء
امیر المومنین امام حسین علیہ السلام میکردند و در
شب لیلۃ الرغایب و در روز استفتاح
وقت افطار و در شب برات و در ہر دو عید

وہ سب میوے منگاتے تھے۔ ربیع الثانی کے مہینہ کی
بارہوین کو بڑے مخدوم زادہ حضرت سید محمد اکبرؒ کا
عرس کرتے اسمین سماع اور کھانا ہوتا اسی مہینہ کی
اٹھارہوین کو عرس شیخ نظام الدینؒ کا کرتے تھے اس
مین بھی کھانا اور سماع ہوتا۔ اسی مہینہ کے آخر مین یا
جمادی الاولی کے ابتدا مین اپنے بڑے بھائی حضرت
سید حسینؒ عرف سید چندن کا عرس کیا کرتے۔ رجب
کی تیسری کو حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کا
عرس کیا کرتے تھے۔ چوتھی رجب کو بی بی فاطمہ ثانی
عرف ستی بی بی اپنی بڑی لڑکی کا عرس کیا کرتے تھے۔ ت ۵۰
کی چوتھی کو امیر المومنین حضرت امام حسنؑ علیہ السلام
کا عرس فرمایا کرتے تھے اور اسی مہینہ کی چھٹی کو حضرت
خواجہ معین الدین حسن سنجری (اجمیری) رضی اللہ عنہ کا
عرس کیا کرتے تھے۔ اور اٹھارہوین رمضان المبارک
کو بندگی شیخ نصیر الدینؒ کا عرس کیا کرتے تھے اسمین
سماع ہوتا اور بہت خرچ کرتے تھے۔ ارشاد فرماتے
تھے کہ حضرت کا وصال اٹھارہوین تاریخ کی شب
کو ہوا ہے۔ جو لوگ عرس اٹھارہوین کے روز کیا
کرتے ہین تو وہ کھانا انیسوین کی رات کو کھلاتے
ہین۔ انیسوین کی شب مین نہ حضرت کا وصال ہی
اور نہ آپ دفن ہی ہوئے ہین اور جو لوگ سترہوین
کو عرس کرتے ہین تو کھانا اٹھارہوین کی رات کو
کھلاتے ہین۔ اسی شب مین حضرت کا وصال ہوا

بعد آمدن از نماز و در روز آخر چہار شنبہ مدام کندوری بودے والسلام مع الاکرام۔

باب چہارم

در ذکر تلقینات حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ

بدانکہ تلقین ایشان مریدان را در ابتدائے حال این بود کہ ہر روز عمل برادر او حضرت شیخ الشیوخ قدس اللہ سرہ العزیز کنند و در مراسم برادر او حضرت شیخ الشیوخ رضی اللہ عنہ بعد ازان اگر کسے بلند ہمت بودے میخواستی کار این طائفہ کند و بمقامات ایشان فائز گردد تلقین ذکر و مراقبہ میکردند و این را شرطہا نہادہ بودند بہ تلقین ابدال چنانکہ بالا ذکر رفتہ و شرائط این ست روز چہار شنبہ پشتوارہ ہیزم برگرفتہ از خانہ خویش یا از بازار در خانقاہ بیار دانی قدر کہ تواند ہر چند کہ بسیار آرد نعمت بسیار یابد و می باید کہ ہیزم خشک آرد تا ذکر تلقین زود ترسید آید بعد آوردن ہیزم او را دعاسے تلقین میکردند کہ در ابتدای شروع در ذکر آنرا چند کرت بخواندی و بقدر دستگہ خود خرچی براے کندوری بیار و بعد ازان روز پنجشنبہ زیارت شیخ پیری فرمودند۔ حضرت خدمت شیخ نصیر الدین محمود بن یوسف و خدمت

بس یہی بہتر اور اولیٰ ہے۔ اسی رمضان کے مہینہ کی انیسوین کو عرس خواجہ ولایت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہ کا کیا کرتے تھے جیسا کہ خلق خدا مین مشہور ہے۔ آپ کا وصال انیسوین کو ہوا۔ اسی مہینہ مین ستائیسوین کی رات کو عرس حضرت ضامنہ اولی خاتون قیامت حضرت بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا علیہا السلام کا کیا کرتے تھے۔ شوال کی پانچوین کو عرس اپنے والد ماجد سید یوسف عرف سید رلجا کا کیا کرتے تھے اور ذیقعدہ کی تیرہوین کو عرس اپنی والدہ ماجدہ بی بی رانی رضی اللہ عنہا کا کیا کرتے تھے اسمین کھانا ہوا کرتا تھا۔ پانچوین محرم کو عرس حضرت شیخ فرید الدین مسعود اجودھنی قدس سرہ کا کیا کرتے تھے اسمین سماع اور کھانا دونون ہوا کرتا تھا اور گیارھوین محرم کو سید الشہدا امیر المومنین حضرت امام حسین علیہ السلام کا عرس کرتے تھے۔ لیلۃ الرغائب کو اور روز استفتاح کو وقت افطار شب برات اور دونوں عیدون مین نماز سے واپس آنے کے بعد اور آخری چہار شنبہ کو دن مین ہمیشہ عام دستر خوان ہوا کرتا تھا۔ والسلام مع الاکرام

باب چوتھا

حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ کے تلقینات کے ذکر مین

تم کو معلوم ہونا چاہیے کہ مریدونکو ابتدائی حالت مین آپ

شیخ نظام الدین محمدؒ بدوانی و خدمت شیخ
فرید الدین مسعودؒ اجودہنی و خدمت شیخ
قطب الدین بختیارؒ اوشی و خدمت
شیخ معین الدین حسنؒ سنجری رضی اللہ عنہم
صورت زیارت بریں نمط میفرمودند

چون بزیارت رو در آید یا سہ بار یا ہفت
بار کلمۂ تمجید تا آخر بگوید بعد ازان سر بسجدہ
نہد خوردہ ازیس یا از نقرہ ازین ہر دو یکے
باشد در پایاں قبر بدارد و بعدہ فاتحہ یکبار
وآیت الکرسی سہ بار و الہاکم التکاثر ہفت
بار و اخلاص دہ بار بخواند بعد ازاں بنشیند
آنچہ از قرآن خوش آید بخواند پس برخیزد
ہفت بار طواف تربت بکند آنگاہ سر بزمین
نہد و التماس مطلوب خود بکند و بگوید
خدمت مخدوم سید محمد حسینی الحسینی گیسو دراز رضی
اللہ عنہ کہ از جہت شما بر اسے تلقین ارشاد
منصوب اند میخواہند مرا تلقین ذکر کنند
متوقع آنکہ شما شفیع و ممد باشید تا مراد این
کار بر خورداری باشد و اعلی حظوظ ال نصیب
من گردد و در وقت زیارت و درآمدن و
برون آمدن مترصد و منتظر باشد کہ در خطیرہ
کدام کس درون آمد و کدام کسے برون آمد
وچہ مسکرد از چپ و راست و پیش و پس چہ

یہ تلقین فرمایا کرتے تھے کہ ہر روز اوراد حضرت شیخ
الشیوخ شیخ نصیر الدین محمود رضی اللہ عنہ پر عمل
کریں اور اسکا وظیفہ رکھیں۔ اگر کوئی بلند ہمت ہوتا
اور چاہتا کہ اس طائفہ یعنی صوفیون کے کام کرے
اور انکے مقامات حاصل کرے تو اسکو تلقین ذکر و
مراقبہ فرماتے اس کے لئے آپ نے جیسا کہ اوپر گذرا
ابدال کے بتانے کے مطابق چند شرطین مقرر فرمائی
تھین۔ **شرائط** وہ شرطین یہ ہین بدھ کے دن
لکڑی کا گٹھا سر پر یا اپنے گھر یا بازار سے خانقاہ
مین لائے جسقدر لکڑی اٹھا سکتا ہو مگر جسقدر زائد لائے
گا اوسی قدر نعمت زیادہ پائے گا اور یہ چاہئے کہ
لکڑی سوکھی ہو تاکہ جو ذکر تلقین کیا جائے اس کا
اثر جلد ظاہر ہو جائے۔ لکڑی لانے کے بعد اسکو
دعا تلقین فرماتے تھے جو ذکر شروع کرنے کے پہلے
چند بار اُسے پڑھ لیا کرے و نیز چاہئیے کہ بقدر وسعت
دسترخوان (کندوری) کا صرفہ بھی لائے اسکے بعد
جمعرات کو پانچ پیروں کی زیارت کا حکم فرماتے
(وہ پانچوں پیر یہ ہین) حضرت شیخ نصیر الدین محمود
بن یوسف حضرت شیخ نظام الدین محمد بداونی۔
حضرت شیخ فرید الدین مسعود اجودہنی۔ حضرت
قطب الدین بختیار اوشی۔ حضرت شیخ معین الدین
حسن سنجری اجمیری رضی اللہ عنہم۔ زیارت کی صورت
اس طرح فرماتے تھے یعنی جب کوئی زیارت کا ارادہ

لفظ گفتند وچہ آواز برآمد چون فارغ شود آن خورده
بردار بحضرت مخدوم رضی اللہ عنہ بیارد و
ہم برین نمط زیارت ہر پنج پیر کند و اگر در شہری
کہ او باشد تربت پیران نباشد خطے
بکشد و آنرا نام تربت ہر شیخے کند و زیارت
بران نمط مذکور بکند و زیارت بی بی فاطمہ
سام رضی اللہ عنہا نیز ہمبرین نمط کنند بعد
ازان بر حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ کیفیت
تمام بگوید و خورده پیش نہد در سالے کہ
مولنا ابو الفتح گوالیری در گلبرگہ آمده بودند
کاتب سیر محمدی نیز در گلبرگہ بود ایشان بجہت
تلقین ذکر در نظر این حضرت مخدوم رضی اللہ
عنہ از مسجد کہنہ ہیزم آوردند و زیارت مذکور
کردند چون بجہت گذرانیدن کیفیت آمدند
درون رفتند خدمت خواجہ احمد دبیر
را نیز طلب شد. خدمت مولنا ابو الفتح
وایشانرا یکجا استاده کردند فرمان
شد مولنا ابو الفتح بگو در زیارتہا چہ دیدے
وچہ شنیدی خدمت مولانا ابو الفتح ہمہ تقریر
کردند. حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ نشستہ می
شنیدند خواجہ احمد دبیر ہم ایستاده می شنیدند
چون کیفیت تمام کرد حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ
فرمودند ابو الفتح را سنگ و چیزے پیش آمده است

کرے تو پہلے کلمہ تمجید تین مرتبہ یا سات مرتبہ آخر
تک پڑھے اس کے بعد سر کو سجده مین رکھے اور کچھ
نقد خورده یا ریزگاریان تانبے یا چاندی کی ان دو
مین سے کوئی ایک ہو قبر کی پائنتی رکھدے. اسکے
بعد سوره فاتحہ ایک مرتبہ آیت الکرسی تین مرتبہ
الہٰکم التکاثر سات مرتبہ سوره اخلاص دس مرتبہ
پڑھے اسکے بعد بیٹھ جائے اور جو سوره قرآن کی پسند
آوے اور اچھی معلوم ہو اسکو پڑھے پھر وہاں سے
اٹھے اور سات مرتبہ قبر شریف کا طواف کرے اسکے
بعد زمین پر سر رکھدے اور اپنے مقصد کو طلب کرے
اور کہے کہ سید محمد حسینی الحسینی گیسو دراز جو آپ کیطرف
سے تلقین وارشاد کے واسطے مقرر ہین وہ چاہتے
ہین کہ مجھکو ذکر کی تلقین کرین امید یہ ہے کہ آپ
سفارش کرینگے اور مدد فرمائین گے تاکہ مجھے اس
کام مین کامیابی حاصل ہو اور اس کی اعلی نعمتین
مجھے نصیب ہون اور قبر کی زیارت کے وقت نیز
اندر آنے اور باہر جانے مین دیکھتا ہے کہ کون روضہ
مین آتا ہے اور کون باہر جاتا ہے اور وہ کیا کرتا
ہے اور آگے پیچھے دائیں بائین کیا کیا کہنے والے
کہتے ہین اور کیا آواز آتی ہے. جب فارغ ہو جائے
تو اس ریزکاریوں کو حضرت مخدوم کے پاس لائے
اسی طور سے پانچوں پیروں کی زیارت کرے اور
اگر جس شہر مین کہ وہ ہو اس مین پیروں کی قبرین نہوں

خواجہ احمد دبیر عرضہ داشت کرد آن روز کہ بندگان
حضرت مخدوم راقدرے ملالت شدہ بود و
بندہ را فرمودہ بودند برو مشغول شو و دریاب
کہ عاقبت آن ملالت چیست بندہ بنابر
فرمان حضرت مخدوم مشغول شد در واقعہ
صورتے مولٰنا ابوالفتح نمودند و گفتند کہ ہنوز
سید را تربیت این مرد کردنی ست
ہمین زمان جای تعلق نیست بندہ ہمدران
ایام پیش گذرانیدہ بود ایشان ہمان اند
حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند اکنون
شما میان خود موالات بکنید و ہرچہ
من ترا درین مدت تلقین کردہ ام از ابوالفتح
بپوشی و تمام برو بگوی و ہرچہ ابوالفتح
را تلقین کردہ ام ہمہ بہ تو بگوید و از تو بپوشد
شما یکجا مشغول باشید و شرط دیگر برائے
تلقین ذکر این بود کہ روز تلقین ذکر صوم بدارد
و اگر طے کند خود بہتر باشد و می فرمودند
در روز تلقین ذکر کہ روز پنجشنبہ است وقت
ظہر کھچری و روغن و جغرات و ہیزم و نمک
علاحدہ بر سر گرفتہ بروح بی بی فاطمہ
سام رضی اللہ عنہا بارد بعد ازان وقت
عرس غسل کند و با کسے سخن نگوید و در خانقاہ
نماز عصر بگذارد و بہ نشیند بعدہٗ اوراد رون

تو اوس کو چاہئے کہ ایک ایک خط کھینچے اور اسی خط کو ایک
ایک پیر کی تربت و قبر شریف کا نام رکھ دے اور جس
طرح سے کہ بیان ہوا زیارت کرے۔ نیز بی بی فاطمہ
سام رضی اللہ عنہا کی بھی زیارت اسی طرح کرے اسکے
بعد حضرت مخدومؒ سے حاضر ہو کر سب پوری کیفیت
بیان کرے اور ریزگاریان حضرت کے قدم پر رکھدے
جس سال کہ مولانا ابوالفتح گوالیری گلبرگہ آئے تھے
سیر محمدی کا لکھنے والا بھی گلبرگہ مین موجود تھا یہ بھی تلقین
ذکر کی خاطر حضرت مخدوم کی نظر کے سامنے پرانی
مسجد سے لکڑی کا گٹھا لائے تھے۔ زیارت ہاے
مذکورہ کی تلقین۔ جب کیفیت بیان کرنے کے لئے
حاضر ہوئے تو اندر چلے گئے اوسوقت حضرت خواجہ
احمد دبیر کی بھی طلبی ہوئی، مولانا ابوالفتح کو اور انکو
آپ نے ایک جگہ کھڑا کیا پھر ارشاد فرمایا کہ مولٰنا
ابوالفتح کہو زیارتوں مین کیا دیکھا اور کیا سنا مولانا
ابوالفتح نے سب حال عرض کیا۔ حضرت مخدومؓ بیٹھے
بیٹھے سب سماعت فرما رہے تھے اور خواجہ احمد دبیر
کھڑے کھڑے سن رہے تھے جب مولانا ابوالفتح نے
کیفیت پوری کی تو حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ نے
ارشاد فرمایا کہ ابوالفتح کو اچھی چیزین پیش آئی ہین
خواجہ احمد دبیر نے گزارش کی کہ جبدن حضرت مخدوم
کے غلامون کی طبیعت کسیقدر ناساز تھی اور حضور
نے اس غلام سے ارشاد فرمایا تھا کہ جاؤ اور مشغول

می طلبیدند و یاران کہ اصحاب تلقین اند
حاضر می شدند حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ
بر بہالچہ نشستہ می بودند و یاران در بازوا
می نشستند و کسے را تلقین می شدی
در میان مجمع مقابل حضرت مخدوم رضی اللہ
عنہ نزدیک می نشستی بعدہ اول خود ذکر
گفتی بعدہٗ کسیکہ در راستاست بعدہ
کسیکہ در چپاست ہمچنین تا پایان بعدہٗ او
را می گفتند اکنوں تو ہم بگو چنانکہ ایشان
گفتند بعدہٗ او را چیزے می دادند باز
گرد آمدند اول تلقین ذکر دو حلقی می
کردند و ذکر فنا و بقا و مراقبہ علم بعد ازان بر
حسب حال او بر و لطف و مرحمت اذکار
دیگر بتدریج می فرمودند چنانکہ یک
رکنی دو رکنی سہ رکنی و چہار رکنی و
و ذکر شیخ خالد و ذکر سہروردیاں و ذکر ہندی
خاصہ خدمت شیخ فرید الدین رضی اللہ و ذکر
اجابت و ذکر طریقت و ذکر کشف ارواح
و کشف قبور و ذکر ابدال و ذکر لا ہو الا ہو
و ذکر ربوبیت و ذکر الوہیت و ذکر صمدیت
و ذکر یا حی یا قیوم و ذکر جبرئیلی و ذکر
کبریائی و ذکر وحدت و ذکر متکلم و ذکر مخاطب
و دیگر ذکرہا و مراقبات و مراقبہا دیگر نیز

بحق ہو کر اس علالت کا انجام دریافت کرو، تو یہ غلام
حسب فرمان مشغول ہوا تھا اس وقت عالم واقعہ
میں مولانا ابو الفتح کی صورت دکھائی گئی اور ارشاد
ہوا کہ ہنوز سید کو اس شخص کی تربیت کرنی باقی ہے،
ابھی کوئی تردد کی جگہ نہیں غلام نے اسی زمانہ میں
خدمت میں عرض کیا تھا۔ یہ وہی ہیں، حضرت مخدوم
نے ارشاد فرمایا۔ کہ اب تم دونوں آپس میں دوستی
پیدا کرلو جو کچھ میں نے تمکو اس مدت میں تلقین کیا ہے
اسے ابو الفتح سے نہ چھپاؤ سب کچھ انسے کہدو اور
جو کچھ میں نے ابو الفتح کو تلقین کیا ہے وہ ابو الفتح تم
سے سب کہدیں چھپائیں نہیں اور تم دونوں آدمی
ایک ہی جگہ مشغول رہا کرو۔

دوسری شرط تلقین ذکر کی یہ تھی کہ تلقین
کے دن روزہ رکھے اور اگر طے[ل] کا روزہ رکھے
تو بہت بہتر ہے اور ارشاد فرماتے تھے کہ تلقین ذکر
کے دن جو پنجشنبہ کا دن ہوا کرتا تھا ظہر کے وقت
کھچڑی گھی، دہی، لکڑی کا گٹھا۔ نمک علاحدہ سر
پر رکھکر بی بی فاطمہ سام کی روح پر فتوح کے
ایصال ثواب کے لئے لائے اسکے بعد فاتحہ کے
وقت غسل کرے اور کسی سے بات چیت نہ کرے

[ل] طے کا روزہ وہ ہوتا ہے جسمیں کئی دن متواتر بے آب و
دانہ روزہ رکھتے چلے جاتے ہیں۔

بتدریج می فرمودند چنانکہ مراقبۂ معیت و مراقبۂ
طریقت و مراقبۂ قرب و مراقبۂ احاطت و
مراقبۂ افعال و مراقبۂ صفات و مراقبۂ
ذات و مراقبۂ استوا و مراقبۂ فنا و مراقبۂ
شہود و مراقبۂ وجود و مراقبۂ تصور و مراقبۂ جمال
و مراقبۂ آئینہ و مراقبۂ پیر و مراقبۂ ہویت
و مراقبۂ فردانیت و مراقبۂ صمدیت و مراقبۂ
امانت و مراقبۂ ہیبت و مراقبۂ وجہ اللہ و دیگر
مراقبات کہ بیشتر ازین گفتن مصلحت
نیست کہ نا اہلان گفتار آن را دست آویز سازند
و خود این کارہ بنماید اگرچہ دانستن مغیبات
ایشان جز ہیبت محرم این کار و ذائق این
حال معلوم نشود این ہمہ اذکار و مراقبات
مخدوم زادگان برخوردار رضی اللہ عنہ و خدمت
مولٰنا علاء الدین و خواجہ احمد دبیر و مولانا
ابوالفتح و قاضی راجا و بعضی یاران دیگر میدانستند
و ایشان ازین برخوردند ؎

هنيئا لارباب النعيم نعيمهم
وللعاشق المسكين ما يتجرع

و ذکر خفی تلقین میکردند و آن انیست اظہار
ربط نباشد اما در ذکر مراعات ربط میکنند
میفرمودند ذکر بسیار گوید تا در دل افتد و چون در دل افتد
زبان را باز دارید کہ الذکر باللسان لقلقة

اور خانقاہ مین عصر کی نماز پڑھے اور بیٹھ جائے اس
کے بعد حضرت اسکو اندر طلب فرماتے تھے اور جسقدر
مریدین ارباب تلقین ہوتے وہ سب کے سب
حاضر ہوتے تھے حضرت مخدومؒ تنہا چوکی پر جلوہ افروز
ہوتے تھے مریدین آپ کے دونوں جانب بیٹھتے تھے
اور جسکو تلقین ذکر کرنا ہوتا وہ مجمع مین حضرت مخدوم
کے مقابل نزدیک ہی بیٹھتا۔ پہلے حضرت خود ذکر
فرماتے اسکے بعد وہ ذکر کرتا جو داہنے جانب ہوتا
اسکے بعد وہ ذکر کرتا جو بائین جانب ہوتا، اسی طرح
سے وہ لوگ بھی ذکر کرتے جو اخیر مین بیٹھے ہوتے
پھر اوس سے ارشاد فرماتے جو تلقین ذکر سیکھنا چاہتا
جیسا کہ انلوگون نے کہا ہے تم بھی کہو اس کے بعد
آپ اسے کچھ عنایت فرماکر واپس کرتے تھے، پہلے آپ
ذکر دو حلقی کی تلقین کرتے تھے اور ذکر فنا و بقا مراقبہ
علم بھی ارشاد فرماتے اسکے بعد اسکی حالت کے
مناسب از راہ لطف و مہربانی دوسرے اذکار
بھی بتدریج ارشاد فرماتے۔ جیسے کہ ایک رکنی۔
دو رکنی۔ سہ رکنی۔ چہار رکنی۔ ذکر شیخ خالدؒ۔ ذکر
سہروردیان۔ ذکر ہندی۔ خاصہ حضرت فریدالدین
رضی اللہ عنہ۔ ذکر اجابت۔ ذکر طریقت۔ ذکر کشف
ارواح۔ کشف قبور۔ ذکر ابدال۔ ذکر لا ہو الا ہو۔
ذکر ربوبیت۔ ذکر الوہیت۔ ذکر صمدیت ذکر یا حی یا قیوم
ذکر حبس تجلی۔ ذکر کبریائی۔ ذکر وحدت ذکر متکلم و مخاطب

وچون سر دو ذکر آید دل را باز دارید که الذکر بالقلب وسوسة الذکر باللسان معاینة ومی باید که ربط بر دل باقوت زند با نگاهداشتن دم چنانکه چه بهار دل در گداز آید ودمن دل بجنباید وچون فتح شد مقصود حاصل گردد که لا ہجرة بعد الفتح فافهم واغتنم اشارے صریح تر بر تلقینات حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ کرده شده است وبعضی وقت برکسے مرحمت می کردند وآیتے ودعاے ہم تلقین میکردند چنانکه خدمت مولانا نصیر الدین قاسم دعاے آغاز از الہ العالمین والآخرین تلقین کردند وبعد ازان چون در روضۂ مخدوم زادۂ بزرگ روز چہارشنبہ اجتماع یاران شد ندے حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ بر ہمہ رخ آوردند ہر یکے را از یاران کبار پرسیدندے من شمارا این دعا تلقین کردم ایشان ہمہ گفتند خیر فرمودند دیروز مولینا ابو الفتح را تلقین کردم ہمہ تعجب کردند ودانستند بر مولانا مذکور کمال لطف است ومرحمت بسیار است وچون خدمت مولینا علاء الدین در گلبرگہ آمدہ بودند. روز عرفہ بعد تجدید بیعت چیزے مخصوص فرمودند تا بدان ملازمت کنند بیان کردن این بتصریح رخصت نیست وچند

اور دوسرے ذکر ومراقبات بھی بتدریج ارشاد فرماتے مثلاً مراقبہ معیت ۔ مراقبۂ طریقت مراقبہ قرب ۔ مراقبہ احاطت ، مراقبہ افعال ، مراقبہ صفات ، مراقبہ ذات مراقبہ استوار ۔ مراقبہ فنا ، مراقبہ شہود ۔ مراقبہ وجود مراقبہ تصور ۔ مراقبۂ جمال مراقبۂ آئینہ ۔ مراقبہ پیر ۔ مراقبۂ ہویت ۔ مراقبہ فردانیت ۔ مراقبۂ صمدیت ، مراقبہ ر امانت ۔ مراقبہ ہیبت ۔ مراقبہ وجہ اللہ اور دوسرے مراقبے کہ اس سے زیادہ کہنا لکھنا مصلحت نہین ہے اس لئے کہ نااہل ان کے بیان کو دستاویز بنالین گے اور خود کو اس کام کا کرنے والا ظاہر کرین گے اگرچہ مغیبات کا جاننا سوائے اسکے جو اس کام کا محرم راز اور اس حال کا ذائقہ چکھے ہوئے ہے ، دوسرے کیلئے ممکن نہین ہے ۔ یہ تمام مراقبے اور اذکار مخدومزادان برخوردار رضی اللہ عنہم اور حضرت مولانا علاء الدین اور خواجہ احمد دبیر اور مولینا ابو الفتح اور قاضی راجا اور بعض دیگر مریدین جانتے ہین اور ان سے فوائد حاصل کر چکے ہین ۔ ؎

هنیئا لارباب النعیم نعیمہم
وللعاشق المسکین ما یتجرع

یعنی ارباب نعیم اونکی نعمتین مبارک ہون اور بیچارے عاشق کو جو مصائب برداشت کر رہا ہے مبارک رہین آپ ذکر خفی بھی تلقین فرمایا کرتے تھے وہ یہ ہے کہ ذکر خفی کرتے وقت ضرب کا اظہار کرنا نہ چاہئے لیکن

آن گفته شد ہم برین اختصار باید کرد کرات و
مرات می فرمودند - ہر کہ چہل روز بر تلقینات
من ملازمت کند بشرطی کہ من گفته ام اگر مقدمات
فتح باطن و کشوفات و تجلیات او را
ظاہر نشود فردا ء قیامت جنگ او بدامن من
والموفق ہو اللہ

اس ضرب کیساتھ جسقدر لوازم ہین سب ملحوظ رکھے جائین
آپ فرمایا کرتے تھے کہ ذکر بہت کرنا چاہئے تاکہ دل مین اتر
جائے اور جب دل مین اتر جائے تو زبان کو بند کر لینا
چاہئے کیونکہ زبان سے ذکر کرنا لقلقہ مین داخل ہے اور جب
ذکر مین بھید کی بات پیدا ہو جائے تو دل کو بھی روک لینا
چاہئے اس لئے کہ قلب سے ذکر کرنا وسوسہ مین داخل
ہے اور ذکر بالسر معائنہ ہوا کرتا ہے اور سانس روک
کر قلب پر زور سے ضرب لگانا چاہیے تاکہ دل کی چربی
پگھلنے لگے اور دل کا منہ کھل جائے اور جب یہ منہ کھل گیا
تو مقصود حاصل ہو گیا - فتح کے بعد ہجرت باقی نہین رہتی
اسے سمجھ لو اور غنیمت سمجھو اس سے زیادہ صریح اشارات
حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ کے تلقینات کے متعلق کئے
جا چکے ہین بعض اوقات آپ کسی پر مرحمت فرماتے تو
کوئی آیت یا کوئی دعا بھی بتا دیا کرتے - چنانچہ مولانا
نصیر الدین قاسم کو ایک دعا جو الہ العالمین والآخرین
سے شروع ہوتی ہے تلقین فرمائی تھی -

اسکے بعد جب بڑے مخدوم زادہ کے روضہ پر بدھ
کے دن مریدوں کا مجمع ہوتا تو حضرت مخدوم رضی اللہ
سب کی طرف متوجہ ہوتے اور اکابر مریدین سے
استفسار فرماتے کہ مین نے تم کو یہ دعا تلقین کی ہے؟
سب عرض کرتے نہین تو ارشاد ہوتا کہ کل مین نے یہ
دعا مولانا ابو الفتح کو تلقین کی ہے - سب لوگ یہ سنکر
تعجب کرتے اور سمجھتے کہ مولانائے مذکور پر کمال عنایت

اور نوازش ہے۔

حضرت مولانا علاء الدین جب گلبرگہ میں حاضر ہوئے تھے تو عرفہ کے دن تجدید بعیت کے بعد حضرت مخدوم رض نے کچھ مخصوص چیز ارشاد فرمائی کہ مولانا اسکی مداومت کریں اس کی تصریح کی اجازت نہیں ہے اسیطرح کی چند باتیں کہی جاچکی ہیں اسی مختصر کو کافی سمجھنا چاہیئے حضرت مخدوم رض بار بار فرماتے تھے کہ جو شخص میری تلقینات پر جیسا کہ میں نے اسکو بتایا ہے عمل کرے اور پھر اگر فتح باب باطنی کے ابتدائی مراحل اور کشفیات و تجلیات اسپر ظاہر نہ ہونے لگیں تو کل قیامت کے دن اسکا چنگل اور میرا دامن ہے توفیق دینے والا وہی اللہ ہے۔ ھو الموفق والمعین۔

حاشیہ فارسی

کلمات طیبات

(منتخب از جوامع الکلم)

اصل خلاصہ انسان بر اختلاف است یکساعت ممکن نیست کہ بر یک حال مستقیم باشد در ہر ساعتے در نشست و خاست البتہ متردد و مختلف می باشد و باطن او مختلف تر از ظاہر است اصلا بر یک چیز قرار نمی گیرد۔ فرمودند مشکل کاریست کہ مردمان علی العموم گویند کہ ما عقیدہ داریم کہ خدا تعالے ہرچہ ما می کنیم می بیند و می داند و آنچہ میگوئیم می شنود

ترجمہ حاشیہ فارسی

کلمات طیبات

(منتخب از جوامع الکلم)

انسانیت کی بنا اختلاف پر ہے ایک حالت پر قائم رہنا ناممکن ہے ہر وقت انسان نشست و برخاست میں متردد و مختلف رہتا ہے اور ظاہر سے زیادہ انسان کا باطن مختلف ہوتا ہے کبھی ایک چیز پر مستقل نہیں ہوتا۔ کیا مشکل بات ہے کہ لوگ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ خدا ہمارے سب کام دیکھتا اور کل باتیں سنتا اور جانتا ہے لیکن پھر بھی ایسے کام کرتا ہے جو دوسرے کے

ولیکن کارہاے میکنند کہ ہرگز بدانشگی دیگری
و دیدن ہمچو خودی نکنند پس آن مجرد علمے
ہست کہ در گوشۂ دل پیچیدہ نہادہ اند۔ اما
عمل بر مقتضی آن در شخصے کم دیدہ می شود ؎

حق حاضر و ناظر است پیوست
تو خفتہ گہی جنب گہی مست

فرمودند مرد را باید ہر شبے باندیشد کہ روز چہ کردم
و در ہر روزے باندیشد کہ شب چہ کردم و کار
خود را با خود محاسبہ کند اگر مزید در کار دین بود
شکر آن گوید و بدان استقامت نماید و اگر
والعیاذ باللہ نقصانے و فتورے در کار دین
بود توبہ کند و بعض در گرد آن کار نگردد و بد انچہ
تواند تدارک آن کند فرمودند افعال باری
تعالے و تقدس متعلق بہ غرضے و علتے نیست و
عبثے و بیفائدہ نیست زیرا چہ حق تعالی حکیم است
والحکیم لا یعبث حکیم فعل عبث نکند اما فعل او
متعلق بہ حکمت و مصلحت باشد بے حکمتے و مصلحتے نبود
یا آن حکمت راجع بہ ما باشد یا بہ باریتعالی فرمودند صفات
حق تعالے بسہ نوع است صفات ذاتی چنانکہ
حیات و قدرت صفات فعلی چنانکہ خلق و رزق صفات
اضافی چنانکہ علیم و خبیر پس ہم تغیر کہ در صفات فعلی
اضافی بالنسبۃ الینا باید الا بالنسبۃ الیہ باید نقصے و تغیر
در ذات پیدا نکند حقیقتاً از ازل بالفعل خالق بود

علم اور اپنے ہی ہم جنس کے سامنے ہرگز نہ کر سکے
گا وہ علم مجرد گوشہ دل مین موجود ہے مگر اس کی
مرضی پر چلنے والے بہت کم دیکھے جاتے ہین
شعر ؎

حق حاضر و ناظر است پیوست
تو خفتہ گہے جنب گہے مست

یعنی خدا ہمیشہ حاضر و ناظر ہے اور تم غافل اور
غیر طاہر سو رہے ہو۔
آپ نے فرمایا کہ رات کیوقت انسان کو سوچنا چاہئے
کہ دن کو کیا کیا اور دن کو سوچنا چاہئے کہ رات کو کیا کیا
اپنے کامونکا حساب کرے اگر دین کے کام زیادہ کئے ہین
تو خدا کا شکر ادا کرے اور اسپر مستقل رہے اور خدا کی پناہ اگر
دین کے کام مین کچھ غفلت برتی ہے تو توبہ کرے اور
پھر ایسا کام نہ کرے اور جس طرح ممکن ہو اسکی تلافی کرے
اور فرمایا کہ خدا کا کوئی کام غرض کیساتھ وابستہ نہین ہے
نہ اسکا کوئی کام بیفائدہ و فضول ہے کیونکہ خدا حکیم ہے اور حکیم
فعل عبث نہین کرتا بلکہ اسکا کام حکمت و مصلحت کیساتھ
ہوتا ہے کوئی کام حکمت اور مصلحت سے خالی نہین ہوتا۔ عام
اس سے کہ اس حکمت کا مرجع انسان ہو کہ باریتعالے کی
ذات۔ فرمایا کہ خدا کے صفات تین طرح کے ہین۔ صفات
ذاتی جیسے حیات و قدرت، صفات فعلی جیسے خلق و رزق
صفات اضافی جیسے علیم و خبیر پس صفات فعلی و اضافی
بالنسبۃ الینا مین تغیر کا وہم ہوتا ہے حالانکہ بالنسبۃ الیہ

رسول اللہ می فرماید کان ولم یکن معہ شیئا
یعنی چون باختیار خویش خلق کرد خالق
بالفعل شد و بدین وہم تغیر در صفت فعلی
وصفاتی بالنسبۃ الینا بیاید و تغیر سے
در صفات او و ذات او نباشد او قادر
است بر خلق و بر رزق بالفعل و بالقوہ فی
ازل الازل مرید است مختار است ہر چہ خوش
آید و ہر وقتیکہ خواہد و ہر صفتی کہ خواہد
بکند و بکند نخواہد نکند تغییر و تعیین از
بہر ادات و مخلوقات باشد اما او تعالی
قادر بر خلق و رزق و بالفعل و بالقوہ اما ظہور
آن اوصاف بعد اختیار و ارادت شئے
بر صفتے معین و وقتے معین بود و ہم
تغییر یابی رود اما او تعالی بذاتہ وصفاتہ
منزہ است از تغیرات و از حدوث
وعیب زوال و اگر فرض کنیم کہ او خلقتے
نکردے و رزقے نہ دادی ہیچ در الوہیت
و در عظمت او و در صفت رازقیت او نقصے
و نقصانی نبودے اما این صفت او ظاہر
پیدا نبودے و ظہور کہ متعلق بما است لا
محالت او نیز تعلق بہ وقتے دون وقتے
باشد پس بہ ما تعلق بوقتے دون وقتے
کہ در بعض صفات صفات باری با حادث

ہوتا ہے ذات میں کوئی نقص و تبدیلی نہیں پیدا کرتا
خدا تعالی ازل میں خالق بالفعل نہ تھا۔ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کان ولم یکن معہ شیئا
وہ موجود تھا اور اسکے ساتھ کوئی شی موجود نہ تھی۔ تب اپنے
باختیار خود خلق کیا تو خالق بالفعل ہوا۔ اسی سے اسکی صفت
فعلی واضافی بالنسبۃ الینا تغیر کا وہم ہوتا ہے حالانکہ اسکی
ذات و صفات میں کوئی تغیر نہیں ہوتا وہ رزق و خلق
پر بالفعل و بالقوہ ہر وقت قادر ہے وہ مختار ہے جو کچھ چاہے
جس وقت چاہے جس طرح چاہے کرے اور جو نہ چاہے نہ
کرے تغیر و تعین تو مخلوقات کی خواہشوں میں ہوتا ہے
خدا تو آفرینش اور رزق پر بالفعل و بالقوہ قادر ہے
لیکن ان صفات کا ظہور چیز کے اختیار اور ارادے
پر ایک معین حالت پر ایک خاص وقت میں
ہوتا ہے تغیر کا وہم ہوتا ہے لیکن وہ اپنی ذات و
صفات میں تغیر، حدوث اور عیب زوال سے پاک
ہے۔ فرض کرو اگر وہ پیدا نہ کرتا اور رزق نہ دیتا
تو اسکی الوہیت، عظمت، وصفت رزاقی میں کوئی
کمی نہ آتی۔ لیکن اسکی یہ صفت ظاہر نہ ہوتی
تو جو ظہور کہ ہم سے متعلق ہے وہ بھی کسی نہ کسی
وقت سے ہی متعلق ہوگا۔ پس ہمارا تعلق
کسی نہ کسی وقت سے جو صفات باریتعالی
کے ساتھ بوقت دون وقت سے ظاہر ہوتا
ہے اسکا مرجع ہم میں نہ کہ ذات باریتعالی

بوقتِ دون وقتِ می نماید آن راجع بہ حاجت
نہ بہ باری تعالیٰ و تقدس مطلق مصلحت از
احتیاج باشد و مصلحت در باب باری
تعالیٰ صفت مرضیہ اوست او فاعل مختار است
واجب الوجود است ممتنع العدم است موجب
بذات نیست یعنی او آن ذات نیست کہ از و
این افعال آید چنانکہ معتزلہ و فلاسفہ می
گویند و برین نفی صفات می کنند و می گویند
چون چشمۂ آب خواہد یا نخواہد آب ازوے
روان شود کذالک آتش سوختن و آب غرق
کردن گفتہ اند مذہب حق آن است لا علۃ لصنعۃ
وعلۃ کل شئ صنعۃ یعنی ہیچ چیزے علتے
موجب برائے صنع او نیست کہ او را مضطر در
صنع او کند سبب صنع او و باعث بر ایجاد
او و فعل او چیزے را۔ ہمان اختیار او و
ارادت اوست۔ ہرچہ می خواہد چنانکہ می خواہد تا
خویش بدون احتیاجے و ایجابے و اضطرارے
میکند ہمان فعل او و ارادت او افعال را
علت فعل او می گردد اگر او خواہد باختیار خویش
ہیچ نہ کند نکند نقصے بروا لاحق نہ شود و او را
احتیاجے بہ چیزے نہ باشد یفعل ما یشاء
ویحکم ما یرید لغیر و تبدل ولا یسئل عما
یفعل وھم یسئلون۔ فرمودند شاید

مطلق مصلحت احتیاج سے ہوتی ہے اور باری
تعالیٰ کے بارے مین مصلحت اسکی صفت مرضیہ
ہے وہ فاعل مختار واجب الوجود اور ممتنع العدم
ہے موجب بذات نہین ہے۔ یعنی وہ ایسی ذات
نہین ہے جس سے یہ افعال صادر ہوں جیسا
معتزلہ اور فلاسفہ کہتے ہین اور صفات کی نفی
کرتے ہین اور کہتے ہین کہ جیسے پانی کا چشمہ کہ وہ
چاہے یا نہ چاہے وہ جاری رہیگا۔ ایسا ہی
آگ کا جلانا اور پانی کا ڈوبانا مذہب حق وہ
ہے کہ لا علۃ بصنعہ وعلۃ کل
شئ صنعتہ۔ یعنی کوئی چیز اس کی
صنعت کی علۃ موجبہ نہین ہے کہ اسکی صنعت
مین اسے مضطر کرے۔ کسی چیز کی صنعت اور
ایجاد پر اسے پورا اختیار ہے جو چاہتا ہے
جسطرح چاہتا ہے اپنے اختیار سے بلا کسی
احتیاج اور تردد کے کرتا ہے اسکا ارادہ اور فعل
ہی اسکے افعال کی علت ہین اگر وہ اپنے اختیار
سے کچھ نہ کرنا چاہے تو نہ کرے اس کی ذات
مین کوئی نقص نہین آتا اسکو کسی چیز کی احتیاج
نہین ہوتی یفعل ما یشاء ویحکم
ما یرید لغیر و تبدل ولا یسئل عما
یفعل وھم یسئلون۔
فرمایا کہ مرشد کو یہ نہ چاہیے کہ مرید پر حملہ

مرشد را که یکبار بر مسترشد مواهب و موارد
را چون باران بروی بریزد که نه باندازۂ حوصله
او باشد که اورا از دست برد و ضایع شود
و اورا از ان حظے و برخورداری نگیرد بلکہ ہلاک
شود و ضایع میگردد می باید که اندک در
خور حوصلہ او ریزد تا انکہ قوت گیرد و بالی
مقاصد رسد در انکار شود از ابتدا و انتہا
لذت جمیع جزئیات گیرد و برخوردارے
شود و حظے کامل گیرد اول نوری و ناری پیدا
آید چون برین قوی گردد و مالک این شود۔
دیدنے وشنیدنے بعد زان نمودار صورتے
از سبب آن بمراتب دیگر رساند بمقصود
اعلی رسد۔ فرمودند تخم این توبہ است
سرمایہ ہمہ انبیاء و اولیا ہمین توبہ است
زیرا چہ انسان از ہفوتے و زلتے خالی نہ
باشد دست موزہ ایشان ہمین توبہ است
بمجرد آنکہ از ان حالت بحلا باز آمدند ہیچ از
کدورت آن بدیشان نہ گردد و اگر توبہ نبودی
ہیچ مقرب خدا نہ گشتی و لے کہ بمعالی ولایت
رسید بہ توبہ رسید نبی کہ بدرجہ نبوت
بر رفت ہم بہ توبہ بر رفت و باقی مقامات ہم
برین قیاس باشد۔ فرمودند پیر خدا را شناختہ
است و درین راہ سلوک کردہ است خیر و شر

تعلیمات کی بارش ایک ہی بار کر دے جو
نہ تو اسکے حوصلہ کے مطابق ہو اور نہ اسے کوئی
لطف آئے بلکہ برخلاف اسکے ہلاک و برباد
ہوجائے بلکہ مرید کے حوصلہ کے مطابق تھوڑی
تعلیم دے تاکہ وہ قوی ہو کر مرتبہ اعلی پر
پہونچ سکے ۔ صاحب معلومات ہوجائے
ابتدا سے انتہا تک تمام جزئیات سے
لطف اور فائدہ اٹھائے ۔ پہلے نوری اور
ناری ظاہر ہو جب اس پر قوی اور اس کا
مالک ہوجائے تو دیدنی و شنیدنی اسکے
بعد نمودار صورتے اسکے سبب دوسرے
مراتب پہونچائے تاکہ مقصود اعلی پر پہونچے
فرمایا کہ دین کا بیج توبہ ہے تمام اولیا اور انبیا
کا سرمایہ یہی توبہ ہے اسلئے کہ انسان لغزشوں
سے خالی نہیں ہوتا اسکا محافظ توبہ ہی ہے
اس لئے کہ جب توبہ کر کے خدا کے سامنے آئی تو
کوئی کدورت ان پر باقی نہیں رہتی اگر توبہ
نہ ہوتی تو کوئی مقرب خدا نہ ہوتا ولی کو ولایت
توبہ ہی سے ملی ۔ نبی نے درجۂ نبوت توبہ ہی
سے پایا ، اور دوسرے مقامات کو بھی اسی پر
قیاس کرنا چاہئے ۔ فرمایا ۔ پیر نے خدا کو
پہچان لیا ہے اور اس راہ پر چل چکا ہے اسکی
بھلائی اور برائی کو جانتا ہے ۔ اسنے دیکھا ہے

آن سید اند دیدہ است و برو گذشتہ است ہر کہ
بدو تہا ماند و راہ رہنمونی کند و خیر و شر آن را
آشنا گردانند و بحضرت حق کہ شناختہ اوست
ببرد بوسیلہ خویش این مرید را آشنا سا گرداند
اگر مردے از کوچہ بکوچہ دیگر راہ نداند و راست
از کژ تمیز نہ کند وقتے دران راہ رفتہ نباشد
بنا شناختہ یکایک خواہد کہ برود چہ میگوئی
بمقصود رسد غرض او بحصول پیوندد مردمان
گویند ما نماز میگذاریم و روزہ میداریم و مجاہدات
و ریاضات میکنیم پیران چہ می کنند
آرے چہ ہست شما می کنید اما باید اندیشید
کہ آدمی و کالا و اسباب میان دریا در
کشتی میسرود اما ملاح چہ می کنند
تا ملاح نباشد وہم سلامتے در خاطر
کسے نیاید کذالک پیر ہر چہ مرید کند اما سلامتی
از مہالک شیطانی جز بتعلیم پیر متوقع نیست
فرمودند سلطان ابراہیم ادہم را از اسم
اعظم پرسیدند گفت شکم را گرسنہ داری و
وتن را از حسد خالی بہر زبانیکہ بخوانی اسم
اعظم ہمان است. فرمودند اگر دل بفراغ با خدای
مشغول است و بندہ بمشاہدہ حق مستغرق ہر مقامیکہ
ہست بہشت است واگر والعیاذ باللہ نہ چنین
است خود اعلی علیین او را دوزخ است

اور راستہ پر گذری ہے جو اس کی آغوش مین آگیا ہے اسکی
رہنمائی کرتا ہے اور اسکی برائی اور بھلائی سے
مطلع کرتا ہے اور خدا کی بارگاہ مین جو اسکا پہچانا
ہوا ہے لیجاتا ہے اور اپنے وسیلے سے اس مرید
کو اسکا آشنا بناتا ہے. اگر کوئی ایک گلی
سے دوسری گلی کا راستہ نہ جانتا ہو ٹیڑھی اور
سیدھی راہ کی تمیز نہ رکھتا ہو اور کبھی اس راستہ
پر نہ چلا ہو تو تمہارا کیا خیال ہے کیا وہ منزل
مقصود پر پہونچے گا؟ اور اس کی غرض پوری ہوگی
لوگ کہتے ہین ہم نماز پڑھتے ہین روزہ رکھتے ہین
عبادت و ریاضت کرتے ہین پیر کیا کرتے ہین
یہ ٹھیک ہے کہ تم سب کچھ کرتے ہو لیکن یہ سوچنا
چاہیئے کہ آدمی اور اسباب دریا کے اندر کشتی
کے ذریعہ سے جاتا ہے ملاح کیا کرتا ہے
اگر ملاح نہ ہو تو کوئی دریا سے سلامتی کا وہم بھی
نہ کرے اسی طرح پیر ہے کہ مرید جو کچھ کرتا ہے
کرتا ہے مگر مہالک شیطانی سے نجات سوائے
پیر کی تعلیم کے نہین مل سکتی. فرمایا لوگون نے
سلطان ابراہیم ادہم سے اسم اعظم پوچھا فرمایا کہ
پیٹ کو بھوکا اور جسم کو حسد سے خالی رکھکر جو اسم
پڑھو وہی اسم اعظم ہے. دل اگر فراغت سے خدا
کیطرف متوجہ اور مشاہدہ حق سے بندہ ہے تو جس
مقام مین ہو وہی بہشت ہے اور خدا کی پناہ

هر دلیکه مرده است او قابل حیات نیست و هر
دلیکه زنده است او قابل ممات نه باشد
فردا حشر ارواح و اجساد باشد اما حشر
قلوب نباشد آنکه زنده است هرگز نمیرد
حشر چه معنی دارد و آنکه مرده است هرگز زنده نشود
حشر او چگونه شود و آنکه گویند سرها خفتند
دلها بیدار همین معنی است ، فرمودند
اسباب حیات دل دوام ذکر بتلقین مرشد
و بودن چنانکه او میفرماید ترک بشریات کلی
نخواهد شد اما قسمتی خواهد کرد که تنبیه بر جا ماند و
کدورت بدل پیدا نه گردد فرزند دل که
ملهم باشد در مشهد حق و رسول حق بود با بعث
او رود و بفرمان او رود و بفرمان او هر چه باشد
کند آری بر مذهب حق او باشد و این صفت
زنده دلان است که ساعتةً فساعتةً بدل خویش
بر می آیند و تفحص اندوه میکنند . فرمودند
نسیان (نه که سهو) در صلوٰة عفو نیست زیرا چه
حالت صلوٰة حالت مذاکره است همچنان نسیان
صوفیان در هیچ حالی عفو نیست زیرا چه حالت
ایشان حالت مذاکره است ایشان همیشه در
مشهد حق و در مظهر رب اند پس دایم احوال
ایشان را حالت مذاکره است ، ایشان هست
در جمال خدا باشند اما ارکان نماز و آداب اولا

اگر ایسا نہین ہے تو اعلیٰ علیین بھی اسکے لئے دوزخ
ہے جو دل مردہ ہے زندہ نہین ہو سکتا جو دل زندہ
ہے وہ مر نہیں سکتا کل قیامت مین جسم اور روح
کا حشر ہوگا لیکن دلون کا حشر نہ ہوگا ۔ جو زندہ ہے
اور کبھی نہین مرتا اسکا حشر کیا اور جو مردہ ہے کہ
کبھی نہیں جی سکتا اسکا حشر کیسے ہو سکتا ہے ۔ لوگ
کہتے ہین کہ سر سوتے ہین اور دل بیدار ہین اسکے
یہی معنی ہین ۔ فرمایا دل کی زندگی کے اسباب یہ
ہین ۔ مرشد کی تلقین کے مطابق ہمیشہ ذکر کرنا اور
وہ جس طرح حکم دین اسی طرح رہنا وہ قطعاً ترک
بشریات کا حکم نہ دینگے مگر ایسی تقسیم کرینگے کہ غفلت طاری
نہ ہو اور دل مین کدورت نہ پیدا ہو جیسا دل ملہم
ہوتا ہے مشہد حق و رسول حق ہوتا ہے اسی کے
حکم پر چلتا اور اسکے فرمان کے مطابق عمل کرتا اور
وہی صحیح مذہب پر ہوتا ہے اور زندہ دلوں کی
یہی صفت ہے کہ گھڑی گھڑی اپنے دل ہی سے
اسکی تلاش کرتے ہین ۔ فرمایا نسیان (نہ کہ سہو)
نماز مین معاف نہین ہے اسلئے کہ نماز کی حالت
مذاکرہ کی حالت ہے ۔ اسی طرح صوفیوں کا نسیان
کسی حالت مین معاف نہین ہے کیونکہ انکی حالت
مذاکرہ کی حالت ہے یہ لوگ ہمیشہ مشہد حق و مظہر
رب مین رہتے ہین اس لئے انکی حالت ہمیشہ
مذاکرہ کی حالت رہتی ہے یہ لوگ خدا کے

غلط نکنند اما صلوٰۃ بغیر حضور صلوٰۃ نیست
لشبہ صلوٰۃ است حق تعالےٰ بکرم خویش
صورت نماز را حکم نماز داد فرمود ہر چیزی
آفتے دارد عشق را دو آفت است یکے آفت
ابتدا دوم آفت انتہا۔ آفتِ ابتدا این است
کہ چندان درد عشق و غم طلب معشوق بر وے
طاری شود کہ او را محیط گردد و مدتے برین برآید تا
او را در اں لذت کامل دست دہد و ہیچ رہ وصول
بمحبوب بر وے نکشاید بداند کہ جز از درد و غم
نقدی دیگر نیست ہمبران ماند بعد مرور ایام این
درد و غم طبیعت او شود و عادت گیرد و ذوق
درد نماند نہ لذت وصال شود و نہ ذوق
الم حرقت ہم چنین ضایع شود سرد گردد بیچارہ خود
ماند ہیچ از وے یادی نماند عاقبت او بر خسران
و حرمان باز آید۔ آفتِ انتہا این است کہ
چوں بوصال معشوق رسد مشغول بہ لذت
وصال گردد و حرقت فراق و الم ہجران از وے
برود و بعد مرور ایام وصال عادت و طبیعت
او گردد ذوق وصال ہم برود و مطلوب از
حالتین جز ذوق و خوشی و راحت محبوب نیست
چوں این حالتین مقصود فوت شود وصال
بے ذوق و فراق بے لذت و الم چہ کار آید
مرد سرد شود ہیچ از وے یاد نماند۔ عشق برود

جمال مین مست رہتے ہین لیکن نماز کے ارکان
و آداب مین غلطی نہین کرتے لیکن بغیر حضور قلب
کے نماز نماز نہین ہے نماز کی صورت ہے۔ خدا
اپنی عنایت سے صورت نماز کا نام نماز رکھتا ہے
فرمایا ہر چیز کے لئے ایک آفت ہے اور عشق کیلئے
دو آفتین ہین ایک آفت ابتدا اور دوسری آفت
انتہا۔ آفت ابتدا یہ ہے کہ اسپر عشق کا درد اور
طلب معشوق کا غم اس درجہ طاری ہو کہ اسے بالکل
گھیر لے اور ایک مدت گذر جائے حتی کہ اُسے پوری
لذت ملنے لگے اور کسی طرح محبوب تک پہونچنے
کی راہ نہ ملے اور سمجھ لے کہ سوائے درد و غم کے
اور کوئی چیز نہین ہے۔ ایک زمانہ گذرنے کے
بعد یہ درد و غم اسکی طبیعت ہو جائے اور وہ اسکا
عادی ہو جائے۔ پھر تو نہ ذوق درد رہجائے نہ
لذت وصال سوزش غم بالکل سرد پڑ جائے اور
اپنی جگہ پہ رہے اسے کسیکی یاد نہ رہے اسکا انجام
ٹوٹا اور رنج ہو۔ آفتِ انتہا یہ ہے کہ جب معشوق کا
وصال ہو وصال کے لطف مین مشغول ہو جائے
اور درد فراق اور الم جدائی کی سوزش
جاتی رہے اور کچھ دنون بعد وصال اس کی
عادت اور طبیعت ہو جائے اور لطف وصال
بھی غائب ہو جائے اور دونون حالتون سے
غرض صرف محبوب کی راحت و خوشی ہے جب

محروم از ذوق جمال محبوب گردد اگرچہ جمال
او باشد ذوق کجا کہ بران راحت گردد و
بجز وصال چہ کار آید اما عاشق برخوردار
آں است کہ در حالت ابتدا مشغول بلذت
فراق و ذوق الم و حرقت ہجران باشد و در
انتہا ہرچند کہ وصال او زیادت شود و
ذوق او مزید تر شود و طلب زیادت تر گردد
درد بر درد افزاید ذوق بر ذوق۔ وما یداین
عاشق را گویند عاقبت او بخیر شد و از
عشق خود برخوردار و حظ کامل گرفت والا والعیاذ
باللہ محروم و خائب و خاسر ماند بہترین حالات
عشق این است کہ زمانے فراق روزے وصال
ہمبرین تردد و تزلزل مینماید اگرچہ عارفان این را
نقصان گویند اما ذوق اینجاست بے آنکہ نظر
بر کمال یا بر نقصان کنی۔ فرمودند ہر کہ از ان خدا
شود ہمہ از آن او شوند ہر کسیکہ او ہم
از آن خدا باشد او را زیانے نرسد
این آن سودا نیست کہ درین وہم زیانے باشد
ہمہ سود در سود ست۔ آنکہ خدائے را برائے
خدا نہ پرستند از ترس دوزخ و حرص بہشت
پرستند او خدائے را نہ پرستند۔ فرمودند حق
تعالیٰ با ہر یکے رازے دیگرے و معاملتے دارد
کہ با دیگرے نیست با ہر یکے معاملت باشد

دونوں حالتوں کا مقصد فوت ہو جائے تو وصال
بے ذوق و فراق بے لذت کس کام کا۔ مرد سرد
ہو جاتا ہے اسکی کوئی آرزو نہین رہ جاتی محبوب
کے ذوق جمال سے محروم رہتا ہے۔ اگرچہ جمال ہوتا
ہے مگر ذوق کہان جو باعث راحت ہو اور صرف
وصال سے کیا ہوتا ہے لیکن کامیاب عاشق وہ
ہے کہ ابتدا مین لذت فراق، ذوق الم و سوزش
جدائی مین مشغول رہے اور انتہا مین جتنا وصال
بڑھے اتنا ہی اسکا ذوق بڑھے اور زیادہ طلب ہو
جائے۔ درد پر درد بڑھے ذوق پر ذوق زیادہ ہو
اس عاشق کو کہتے ہین کہ اسکا انجام بخیر ہوا اور
اسکو عشق سے فائدہ اور خوشی ہوئی ورنہ خدا کی
پناہ محروم و نامراد رہتا ہے۔ عشق کی بہترین حالت
یہ ہے کہ ایک مدت تک فراق رہے ایک دن
وصال ہو ایسا ہی ہوتا رہے اگرچہ عارف لوگ
اسکو نقصان کہتے ہین لیکن کمال یا نقصان پر نظر
کئے بغیر ذوق اسی مین ہے۔ فرمایا جو کوئی خدا کا
ہو جاتا ہے سب کچھ اسکا ہو جاتا ہے، جو خدا کا
ہوتا ہے اُسے کوئی مضرت نہین ہوتی۔ یہ وہ سودا
ہے جسمین گھاٹے کا گمان بھی نہین ہے فائدہ ہی
فائدہ ہے جو خدا کو خدا کے لئے نہین بلکہ دوزخ
کے خوف اور بہشت کی طمع مین پوجتا ہے وہ خدا
کو نہین پوجتا۔ فرمایا خدا ہر شخص کے ساتھ ایک

کہ با پیر نیست فرمودند حالت ممدوح در سماع
این ست کہ از خود نہ شود با خود باشد ہر چہ کند
وگوید و بداند لیکن حالتے اورا افزود گرفتہ باشد
کہ از ان حرکات و سکنات کہ دران وقت ازو
صادر می شود امتناع نہ تواند او، داگرچہ مرد
شیخ با عزت و عظمت است ولیکن دران
وقت ہیچ این عزت اورا مانع نیفتد باوجود آنکہ
آنچہ کند بداند ولیکن قدرت بر باز بودن
ازان نہ باشد چنانچہ مرد مغضوب درحالت غضب
آنچہ کند و گوید و بداند تا آنکہ زن را طلاق گوید
دآن زن معشوقہ اوست ثانی حال پشیمان شود
وسماع وقتے بیہوشی ہم آید ولیکن حالت
ممدوح نہ باشد چنانچہ میان شراب خواران
آنکہ اوست دبیہوش شود اورا اعتبار نہ کنند
فرمودند یکے از طرق وصول بمحبوب سماع ست
چنانکہ بہ نماز و تلاوت و روزہ بخدا برسند آنک
بہ سماع ہم برسند بلکہ در سماع جمع ہم و توجہ
کہ سرمایہ جمیع سعادتہا ست بیشتر است. فرمودند
حظوظ اہل سماع متفاوت باشد شاید کہ در مجمع
چند نفرے باشند حظ ہر یکے از عالمے دیگر و
ذوق ہر یکے از آہنگے دیگر و بیتے دیگر باشد۔
فرمودند تسخیر آفتاب و ماہتاب و سیارہ و یا
شیاطینے و دیوے خروج از دین است

معاملہ اور راز رکھتا ہے جو دوسرے کے ساتھ نہین
رکھتا۔ مرید سے جو معاملہ ہوتا ہے پیر سے نہین ہوتا
فرمایا سماع مین قابل تعریف بات یہ ہے کہ آپ
سے باہر نہ ہوجائے جو کچھ کرے یا کہے اسے جانتا
رہے لیکن ایسی کیفیت طاری ہو کہ جو حرکتین اس
سے ہو رہی ہون اسکو روک نہ سکے اگرچہ شیخ قابل
عزت و عظمت ہے لیکن اسوقت اسکی عزت
قطعی مانع نہ ہو، جو کچھ کرتا ہے اسکو جانتے ہوئے
بھی اس سے باز رہنے کی قدرت نہ رکھتا ہو جس
طرح غضبناک آدمی غصہ کی حالت مین جو کچھ کہتا
یا کرتا ہے جانتا رہتا ہے۔ یہان تک کہ اپنی محبوبہ
بیوی کو طلاق دیدیتا ہے اور پھر پشیمان ہوتا ہے
سماع مین کبھی بیہوشی بھی ہوجاتی ہے مگر ممدوح
حالت نہین ہے۔ جیسے شرابخوارون مین کہ جو
شرابی مست اور بیہوش ہوجاتا ہے اسکا اعتبار
نہین کرتے۔ فرمایا کہ محبوب تک پہونچنے کا ایک
ذریعہ سماع ہے جس طرح نماز، روزہ اور تلاوت
سے خدا تک پہونچتے ہین اسی طرح سماع سے بھی
پہونچتے ہین بلکہ اجتماع خیالات اور توجہ جو تمام
سعادتون کا سرمایہ ہے سماع مین زیادہ ہے
فرمایا اہل سماع کی دلچسپیان مختلف ہین ممکن ہے
کہ ایک مجمع مین کچھ لوگ ایسے ہون جنکی دلچسپی دوسرے
عالم اور دوسرے بیت سے متعلق ہو۔ فرمایا آفتاب

مرد مومن نہ کند. تسخیر علے چیزے خیر نیست مظلم و مکدر باطنی باشد کار اہل دل نیست ولیکن چون کسے را ولایت میدہند حق تعالیٰ فیض ان ہفت سیارہ را اثرے بدومی دہد۔ این سنت الہی است. فرمودند مرد را باید کہ ہر شبے وقت خفتن گرد تمام روزہ خود را باخود بہ نشیند باز گرداند بعد ازان بجنید اگر والعیاذ باللہ منہا ناشائستہ در وجود او آمدہ باشد ازان استغفارے و توبہ کند و باز گرد آن کار نہ گردد و اگر کارے خوبے مستحسنے و اشرع آمدہ باشد شاغل بدان باشد بار دیگر بدان توفیق خواہد و استقامت طلبد و شکر حق گزارد ہر کہ اینقدار کار کند او را فردا قیامت از حساب عرصات قیامت امنے تمام باشد فسوف یحاسب حساباً یسیرا ہم در باب او بود فرمودند شیوۂ دنیاوی کہ براں قوت بگذرد و حلال باشد مانع راہ خدا نیست و لے متوجہ بخدائے و نفس پاک می باید بعد ازان در ہر کار یکہ باشی باش ترا زیانے ندارد فرمودند ہر کہ او را خدائے تعالے نفسے پاکے و دلے متوجہ بخود داد و مستغرق بیاد خویش روزی کرد خمیر جملہ سعادت بدامن مراد او داد خواجہ باشی گو غلام باشی گو تاجر باشی گو کاسب باشی

ماہتاب، ستارے، شیاطین اور کسی دیو کا مسخر کرنا دین سے الگ ہوتا ہے۔ مرد مومن یہ کام نہیں کرتا تسخیر کوئی اچھا عمل نہیں ہے اس سے دل تاریک اور مکدر ہو جاتا ہے اہل دل کا کام نہیں ہی لیکن جب کسیکو ولایت ملتی ہے تو خدا اسے ساتون ستارون کے فیض کا اثر دیدیتا ہے یہ خدا کی عادت ہے۔ فرمایا انسان کو چاہئے کہ سوتے وقت دن کے تمام کاموں پر غور کرے اسکے بعد سوے۔ اگر خدا کی پناہ اس سے کوئی برائی ہوئی ہو تو توبہ کرے اور پھر ایسا کام نہ کرے اور اگر کوئی اچھا کام ہوا ہو تو اوس پر مستقل رہے اور خدا سے اسپر عامل رہنے کی توفیق مانگے اور اسکا شکر ادا کرے۔ جو ایسا کرے گا اسکو قیامت کے دن حساب سے امن رہیگا۔ فسوف یحاسب حسابا یسیرا۔ یعنی بہت آسانی سے حساب کیا جائے گا، اسی کے بارے مین ہوگا۔ فرمایا دنیا کی جائز پیشے جو روزی حاصل کرنے کے لئے ہوں خدا کی راہ کے لئے مانع نہیں ہین نفس پاک اور خدا کی جانب متوجہ دل چاہئے اسکے بعد جو کام چاہو کرو کوئی نقصان نہیں ہے۔ فرمایا کہ خدا نے جسکو نفس پاک، متوجہ اور اپنی یاد مین مستغرق دل دیا، اسکا دامن تمام سعادتون اور مرادون سے بھر دیا۔ آقا ہو یا غلام تاجر ہو یا پیشہ ور اگر وہ دو چیزین رکھتا ہے تو سب کچھ رکھتا ہے لیکن

اگر از ان دو چیز وا دارد او ہمہ دارد والا در حضرت
سبحانہ وتعالے بجوے نیرزد و اورا بہیچ پلہ نہ
سنجند ہرچہ از تعلقات دنیوی کہ سبب تحصیل دنیا
است پیشہ و حرفے است مانع راہ خدا و منافی
قربت حق نیست فرمودند در اصطلاح صوفیان
یک لفظ نفس است یعنی ہیچ دمے بے مشاہدہ
محبوب بر نیاید۔ این را نفس گویند فرمودند
بے یاد دوست دم مزن و بے شہود او یک
ساعت مباش۔ انفاس و خطرات دل پریشان
مگذار بر یک چیز بدار و ہمان را بخواہ و ہم بر آن
باش و بغیر آن نفس و خطرہ بر خود روا مدار
فرمودند اگر بر ہوا پرد و یا بر آب رود و آنچہ
بیند ہمان شود و با مردان غیب ملاقات کند و
آنچہ بیند از خداے ہمان شود و ہرچہ در دلش
گذرد ہمان باشد نہ طعام خورد نہ آب سیر و
طیر کند با این ہمہ او شیخ نہ باشد و لایق
شیخی نبود۔ شیخ او باشد کہ برو کشف ارواح
شود و کشف قبور باشد و ملاقات
ارواح انبیا شود و تجلی افعال و صفات
و ظہور ذات بود و ز عقبہ فنا و بقا گذشتہ بود
و فہم آن معانی نقد وقت او باشد او
شیخ باشد ۔

خدا کی درگاہ مین کوئی حقیقت نہین رکھتا ۔
دنیاوی تعلقات پیشہ وغیرہ جو تحصیل دنیا
کا ذریعہ ہین ۔ راہ خدا و قرب حق کے منافی نہین
ہین ۔ فرمایا صوفیوں کی اصطلاح مین یک لفظ
نفس ہے یعنی کوئی سانس محبوب کے مشاہدہ بغیر
نہ آئے اسکو نفس کہتے ہین ۔ فرمایا دوست کی یاد
بغیر سانس نہ لے اور ایک دم بھی بلا اسکے شہود
کے نہ رہ دلمین پریشان خطرات نہ لا ایک چیز
پر قایم رہ ۔ اسی کو چاہ اسی پر قائم رہ اور اس
کے سوا کوئی خطرہ اپنے دل مین نہ لا ۔ فرمایا
اگر کوئی ہوا پر اڑے پانی پر چلے جو کچھ دیکھے
وہی ہو ۔ مردان غیب سے ملاقات کرے ۔
اسکے دلمین جو گذرے وہی ہو نہ کھائے اور
نہ پانی پیئے ان سب کمالات کے ہوتے ہوئے
بھی وہ شیخی کے لایق نہین ہے ۔ شیخ وہ
ہے جسپر کشف ارواح ہو کشف قبور ہو، ارواح
انبیا سے ملاقات ہو ، افعال و صفات و
ظہور ذات کی تجلی سے متجلی ہوں اور
منزل فنا و بقا سے گذر گیا ہو ، اور ان مطالب
کا سمجھنا اسکا خاص جوہر ہو ۔ وہ شیخ ہوگا ۔

حاشیہ

حضرت بندہ نواز سید محمد گیسودراز رحمۃ اللہ علیہ کی

چند غزلیں و رباعیات

منتخب از جوامع الکلم۔ تخلص ۱۔ ابوالفتح ۲۔ محمد

غزل

ہر کہ از درد من خبر دارد — دست بر سینہ یا کمر دارد
آہ من ہر کہ در سحر شنود — تا دم صبح چشم تر دارد
شوخ سنگ چشمے و فتنہ باز بود — ہر کہ بر روے او نظر دارد
ہمچو من مبتلا شود یکبار — ہر کہ در کوے او گذر دارد
ترک غمزہ اگر کشاید تیر — سینہ را اہل دل سپر دارد
کبک رفتار از بلندپری — مرغ دل را بدیدہ پر دارد

اے ابوالفتح عشق را بشناس
مرد عاشق کجا خبر دارد

تا کہ با ماست جان ما بوجود — یار از ما نمی شود خوشنود
من ز اندوہ و درد و غم نالم — یار از لطف خود ہمی نشنود
ما کجا و وصال او ز کجا — ہمدرین درد شاد باید بود
وصل را از خیال بیرون نہ — ہر کہ با درد ساخت او آسود
راہ وصلش دراز بے پایانست — ماندہ شد ہر کہ راہ را پیمود
با تو نقدست درد ہمواره — نقد بہتر ز وعدۂ نخلود
اے محمد نہ مونس است و نہ یار — ہست اندوہ و درد و غم موجود

شعاع آفتاب مهر افروز — برآمد صبحگه روشن تر از روز
فروغ شمع از پروانه پرسند — چه گوید جز مزید سوز بر سوز
بقدر هر وجود جامه دوزند — بلا و غم لباس ماست در روز
محمد خیره کرد دست عقل دیده — شعاع آفتاب مهر افروز

مگر آواز خاست از قعر چاهی — ز دست درمند از سینه آهی
مگر از آشیان و جفت دوری — نوای قمری که می نالی صباحی
چو من می باش در درد آشام و غمخوار — که من هم زین نمط دارم کلاهی
ترا من دوست می دارم اگر هیچ — نه کردستم جز این دیگر گناهی
چه بد افتد ترا ای شاه خوبان — اگر باشد گدای نیک خواهی
اگر خوانی و گر رانی تو دانی — ندانم من جز این دیگر پناهی
روم اکنون کجا آواره ایدل — بکی ده کوه سپید و روسیاهی
محمد جز درش دیگر دری نیست — ندانم من جز این هیچ راهی

بر دل را جوان تر سازاد — عقل را کند عشق از بنیاد
همه را عدل راست انصافی — نیست در شرع عشق جز بیداد
نیست امید زیست و خاستنش — هر که او تیر عشق خورد افتاد
ذوق دشنام یار پرو زمن — راحت ذکر و لذت اوراد
ای محمد بجز تو کیست دگر — بندهٔ وقت و از جهان آزاد

دوستان می دهند پند مرا — دشمنان طعنه ها زنند مرا
پیر گشتی و عشق سے بازی — اجتهاد از سرشت چند مرا
منکه مخلوق عشق باز هستم — کے بود پند سودمند مرا

منکہ آزاد سرفراز ستم | زلفِ او گشت پائے بندِ مرا
خانمان و دلم پریشاں شد | جعد او دربلا فگند مرا
گریہ و آہ چیست ہر نفسے | دوستی کرد دردمند مرا
سوزشِ شمع رُخ فزوں بدہد | گریہ سوزند چوں سپند مرا
تابہ عشق گرم تر بکنند | چون کبابے براں بہند مرا
پر و بالت مگر محمد سوخت | بیخ و بنیاد عشق کند مرا

ہمیدانم کہ آن بدخو برین دل ماچہ می بازد | سوارست می آید سمندِ حسن می تازد
غبار از سینہ می خیزد و جاں از درد می نوزد | مگر آن شہسوارِ من بمیداں گوئی میبازد
ہمہ عالم نظر دارد بجاہ و مال خود آخر | چہ عیب ست این جوانِ من بحسنِ خویش میبازد
تعالی اللہ کہ دنیا چناں موزوں و زیبائی | توانہ جز خدائے من چنین نقش دگر سازد
لب لعل و سیہ خال حبش باروم یکجا شد | زہے سکینِ دل بیدل و لشکر بکطرف تازد

اجازت بوسہ گر باید محمد عاشقِ بیدل
ہمی معذور میدارش ہستی گر لبش گازد

رباعیات

بے شمع رخی اگر نہ سوزم چہ کنم | صد بارہ دلے شدہ نہ دوزم چکنم
چون عکس مہے وہر در چشم آید | اے مردم اگر بمی فروزم چکنم

دل در پئے دلبرے نپوید چہ کند | از درد فراق جاں بخوید چہ کند
دل آئینہ عکس بت در و شد پیدا | دل خود در اعین بت نگوید چکند

در دیدہ بجائے خواب آبست مرا | زیرا کہ بدیدنش شتابست مرا
گویند بخسپ تا بخوابش بینی | اے بیخبراں چہ جائے خوابست مرا

باب پنجم

در تصانیف حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ

بدانکہ تصانیف حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ بسیار است ملتقط تفسیر[1] قرآن در قالب سلوک و تفسیرے[2] دیگر آغاز کردہ بودند بر طریق کشاف موازنہ پنج سیارہ شدہ بود بیشتر تمام نشدہ بود حواشی کشاف شرح[4] مشارق در قالب سلوک ترجمہ[5] مشارق معارف[6] شرح عوارف ترجمہ[7] عوارف شرح تعرف[8] شرح[9] آداب المریدین عربی و پارسی شرح[10] فصوص۔ شرح[11] تمہیدات قاضی عین القضاۃ۔ ترجمہ[12] رسالہ قیشری و آن کتابے است برأسہ خطائر[13] القدس و آن را عشقنامہ ہم میگویند رسالہ[14] استقامت الشریعۃ بطریقۃ الحقیقۃ ترجمہ[15] رسالہ شیخ محی الدین ابن اعرابی رسالہ[16] سیر النبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم۔ شرح[17] فقہ اکبر دو عدد یکے عربی دوم[18] فارسے حواشی[19] قوت القلوب اسمار[20] الاسرار حدایق[21] الانس ضرب[22] الامثال۔ شرح[23] قصیدہ امالی شرح[24] عقیدہ حافظیہ۔ عقیدہ[25] چند ورق رسالہ[26] دربیان اداب سلوک رسالہ[27] دربیان اشارت محبان رسالہ[28] دربیان ذکر۔ رسالہ[29]

باب پانچوان

حضرت مخدومؒ کی تصانیف کے بیان مین

حضرت مخدوم کی تصانیف کثیر ہین۔ ملتقط[1] قرآن کی تفسیر سلوک کے رنگ مین دوسری[2] ایک تفسیر آپنے کشاف کے طرز پر شروع فرمائی تھی اور تقریباً پانچ پارہ تک ہو چکی تھی مگر پوری نہ ہوسکی۔ کشاف[3] کے حواشی۔ شرح[4] مشارق قالب سلوک مین ترجمہ[5] مشارق۔ معارف[6] شرح عوارف۔ ترجمہ[7] عوارف۔ شرح[8] تعرف۔ شرح[9] آداب المریدین فارسی و عربی۔ شرح[10] فصوص الحکم۔ شرح[11] تمہیدات قاضی عین القضاۃ ہمدانی۔ ترجمہ[12] رسالہ قشیریہ یہ ایک مستقل کتاب ہے۔ خطائر[13] القدس جسکو عشقنامہ بھی کہتے ہین۔ رسالہ[14] استقامت الشریعت بطریقۃ الحقیقت ترجمہ[15] رسالہ شیخ محی الدین ابن عربی۔ رسالہ[16] سیر النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم شرح[17] فقہ اکبر عربی و فارسی[18]۔ حواشی[19] قوت القلوب۔ اسمار[20] الاسرار حدایق[21] الانس۔ ضرب[22] الامثال۔ شرح[23] قصیدہ امالی۔ شرح[24] عقیدہ حافظیہ۔ عقیدہ[25] چند ورق رسالہ[26] بیان آداب سلوک۔ رسالہ[27] اصحاب حب و عشق کے اشاروں کے بیان مین۔ رسالہ[28] ذکر کے بیان مین۔ رسالہ[29] معرفت کے بیان مین۔ رسالہ[30]

در بیان معرفت۔ رسالہ[30] در بیان رایتُ ربیّ فی احسن صورة۔ رسالہ[31] در بیان بود و ہست و باشد و خلافت[32] نامہ مخصوص برای خدمت مولنا علاء الدین گوالیری نویسانیدہ بودند و خلافت نامہ برای قاضی اسحاق چھترہ خلافت نامہ برای خدمت قاضی سلیمان برادر قاضی اسحاق و خلافت[35] نامہ مخصوص بجہت شیخ صدر الدین خواند میر و خلافت[36] نامہ بجہت خدمت مولانا ابوالفتح علاء الدین گوالیری نویسانیدہ بودند کاتب این سیر محمدی راجی برحمت ربانی محمد علی سامانی در فترت مغل برابر حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ در گوالیر می بود نسخۂ خلافت نامہ خدمت مولنا علاء الدین نبشتہ شدہ بود و در وقت خلافت یافتن خدمت مولنا ابوالفتح نیز در گلبرگہ حاضر بود و نسخۂ خلافت نامہ ایشاں ہم نبشتہ شدہ بود۔ در وقت یافتن دیگر مخادیم حاضر نبود و ایشان سکونت در گلبرگہ نداشتند کہ نسخۂ خلافت نامہ ایشان کتابت کردہ شود یک خلافت نامہ حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ در دہلی کنانیدہ بودند نام کسے دران نبود آخر وقت نامہاے بعضی خلفاء دران درج کنانیدہ بودند این ہر

